احکام شریعت
امام اہلسنت اعلیٰحضرت احمد رضا خاں بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

# احکامِ شریعت

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز
۴۰۔بی اردو بازار لاہور

marfat.com

نام کتاب ـــــــــ احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ـــــــــ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلویؒ
ترجمہ عربی ـــــــــ محمد اول قادری چشتی
دیباچہ سوانح مصنف ـــــــــ عالم فقری
تعداد طبع اول ـــــــــ ایک ہزار
سال طباعت ـــــــــ ۱۹۸۴ء
زیر نگرانی ـــــــــ جناب حاجی انور اختر صاحب
ناشر ـــــــــ شبیر برادرز
اردو بازار لاہور
قیمت ـــــــــ -/۵۷ روپے
مطبوعہ خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

marfat.com

شریف وغیرہ پڑھیں۔ وہ تین وقت تلاوت کے لائق نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## مسئلہ ۵۱ - آیات میں وقف

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ آیت ۵ پر ٹھہرنا یا رکوع یا وقف کرنا کیسا ہے کیا قباحت ہے اگر جس آیت پر ۵ ہے رکوع کر دیا جائے تو جائز ہے یا نہیں مثلاً اوپر سے پڑھتا آیا اور صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۵ پر رکوع کر دیا تو جائز ہے یا کچھ حرج بھی ہے؟ بینوا توجروا۔

## الجواب

ہر آیت پر وقف مطلقاً بلاکراہت جائز بلکہ سنت سے مروی ہے رہا رکوع اگر معنے تمام ہو گئے جیسے آیۂ مذکورہ میں کہ اس کے بعد دوسری تمثیل مستقل ارشاد ہوئی ہے جب تو اصلاً حرج نہیں اور اگر معنی بے آیت آیندہ کے ناتمام ہیں تو نہ چاہیے خصوصاً امثال فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۵ میں کہ نہایت قبیح ہے اور ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۵ میں قبح اس سے کم ہے نماز بہرحال ہو جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

## مسئلہ ۵۲ - حرمت بھنگ وچرس

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سوائے شراب کے بھنگ افیون۔ تاڑی۔ چرس کوئی شخص اتنی مقدار میں پیے کہ اس سے نشہ نہ آئے تو وہ شخص حرام کا مرتکب ہوا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

## الجواب

نشہ بذاتہٖ حرام ہے نشہ کی چیزیں پینا جس سے نشہ بازوں کی مشابہت ہو اگرچہ حد نشہ تک نہ پہنچے یہ بھی گناہ ہے یہاں تک کہ علمانے تصریح فرمائی ہے کہ خالص پانی دور شراب کی طرح پینا بھی حرام ہے ہاں اگر دوا کے لیے کسی مرکب میں افیون یا بھنگ یا چرس کا اتنا جز ڈالا جائے جس کا عقل پر اصلاً اثر نہ ہو حرج نہیں بلکہ افیون میں اس سے بھی بچنا چاہیے کہ اس خبیث کا اثر ہے کہ معدے میں سوراخ کر دیتی ہے جو افیون کے سوا کسی بلا سے نہیں بھرتے تو خواہی نخواہی بڑھانی پڑتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

marfat.com